Home Economics - 10th Class Home Economics Urdu Medium Chapter 4 Preparation

Q1. فیصلے کتنی اقسام کے ہوتے ہیں.

Ans 1: فیصلے دو قسم کے ہوتے ہیں. 1. انفرادی 2.گروہی فیصلے

Q2. تھکاوٹ کے متعلق گبرتھ نے کیا کہا؟

Ans 1: گبرتھ کے مطابق "تھکاوٹ خواہ کیسی بھی ہو اس کا چوبیس گھنٹوں کے دوران مکمل طور پر رفع ہونا ضروری ہے. اگر تھکاوٹ زیادہ عرصہ برقرار رہے تو اس کا مطلب جس میں کسی چیز کی کمی ہوسکتی ہے"

Q3. اثاثوں سے کیا مراد ہے.

Ans 1: اثاثوں سے مراد ہر اُس چیز سے ہے جو افراد خانہ کو میسر ہوں مثلاً وقت، قوت، روپیہ ، تمام گھریلو اشیاء ، علم ، مہارتیں اور صلاحیتیں وغیرہ

Q4. آمدنی کی کتنی اقسام ہیں.

Ans 1: آمدنی کی دو اقسام ہیں. 1.نقد یا اقتصادی آمدنی 2.اصل آمدنی

Q5. بجٹ بنانا کسے کہتے ہیں.

Ans 1: بجٹ بنانے کے طریقے میں ساری گھریلو آمدنی اور کل گھریلو اخراجات کا اندازہ لگایا جاتا ہے پھر آمدنی اور اخراجات کا توازن پیدا کرنے کے لیے میاں‌بیوی مل جل کر اور سوچ کر منصوبہ بناتے ہیں جو آمدنی اور خرچ کا تخمینہ یا بجٹ کہلاتا ہے.

Q6. ذرائع وسائل سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ذرائع وسائل سے مراد" ایسے اثاثے اور طریقہ کار ہیں جن کا استعمال ہمارے مقاصد کی تکمیل کے لیے ضروری ہوتا ہے. یا ایسی سہولتیں ہوتی ہیں جن کو مقاصد کے حصول کے لیے بروئے کار لا نا ضروری ہوتا ہے.

Q7. منصوبہ بندی یا پیش بینی کیسا عمل ہے؟

Ans 1: منصوبہ بندی یا پیش بینی ایک ذہنی عمل ہے جس پر عمل کرنے کے طریقوں اور راستوں کی نقش بندی کی جاتی ہے تاکہ چھوٹی بڑی منزلوں تک رسائی ممکن ہوسکے.

Q8. بنیادی یا جبلتی اقدار کے بارے میں لکھیں.

Ans 1: بنیادی یا جبلتی اقدار ہر انسان کے اندر فطری طورپر موجود ہوتی ہیں. اور یہ دوسری اقدار پر اثر انداز نہیں ہوتیں.مثلاً خوبصورتی ، ایمانداری اور سچائی وغیرہ .

Q9. گراس اور کرینڈل کے مطابق گھریلو انتظام کی تعریف کیجئے.

Ans 1: گراس اینڈ کینڈل کے مطابق"گھریلو انتظام کا عمل فیصلوں کی ایسی سلسلہ دار کڑی پر مشتمل ہے جو خاندانی ذرائع و وسائل کے استعمال و جدوجہد کے لیے لائحہ عمل مرتب کرنے میں مدد دیتا ہے تاکہ خاندانی مقاصد کامیابی سے حاصل ہو سکیں"

Q10. معینہ مدت کے مقاصد کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں.

Ans 1: غیر معینہ مدت کے مقاصد جن کو حاصل کرنے میں ایک معینہ اور مقررہ مدت درکار ہوتی ہے.انہیں تھوری مدت کے مقاصد بھی کہا جاتا ہے.کیونکہ ان کے حصول چند مہینوں اور چند سالوں سے لے کر تقریباً دس بارہ سال کا عرصہ درکار ہوتا ہے.